# مطالعہ کی میز پر

محمد رمضان یوسف سلفی
فیصل آباد

## معارف الاسمیٰ
## شرح اسماء اللہ الحسنی

تالیف: قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری
تحقیق وتخریج: علامہ محمد سرور عاصم حفظہ اللہ
صفحات: 312 قیمت:-/130 روپے
ناشر و ملنے کا پتہ: مکتبہ اسلامیہ بالمقابل رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
فون: 042-7244973

قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ کو رحمۃ اللعالمین جیسی عظیم کتاب کا مصنف ہونے کے ناطے اس خطہ ارض میں غیر معمولی اکرام اور شہرت دوام حاصل ہے۔ انہوں نے فقط سیرت مصطفیٰ کو ہی موضوع سخن نہیں بنایا بلکہ انہوں نے اسلام کے دفاع میں اسلام دشمن مشنریوں کی بھی بھرپور طریقے سے خبر لی، اور آپ نے عیسائیت، مرزائیت اور ہندو مذہب کے رد میں نہایت شاندار کتب لکھیں۔ تفسیر قرآن کے حوالے سے انہوں نے الجمال والکمال کے نام سے سورہ یوسف کی شاہکار تفسیر لکھی۔ پیش نگاہ کتاب شرح السماء اللہ الحسنی ان کی لائق تحسین کتاب ہے۔ اس میں قاضی صاحب نے اللہ کے ناموں کی خوبصورت پیرائے میں شرح بیان کی ہے۔ پوری کتاب قرآن واحادیث کے حوالہ جات سے مزین ہے۔ یہ کتاب پہلے بھی کئی بار طبع ہوئی لیکن مکتبہ اسلامیہ کی طرف سے اس کی اشاعت تو بہت سی خوبیوں سے آراستہ ہے۔ ہر آیت کا پورا حوالہ دیتے ہوئے آیت کا نمبر اور سورۃ کا نام لکھ دیا گیا ہے۔ احادیث کی تخریج کر دی گئی ہے کاغذ، طباعت، جلد بندی، معیاری ہے اور ٹائٹل خوبصورت، کتاب کا حرف چند مولانا محمد اسحاق بھٹی صاحب نے لکھا ہے۔ اور تخریج وتعلیق کا کام نوجوان محقق مولانا سرور عاصم صاحب نے کیا ہے بہر حال یہ کتاب اس لائق ہے کہ اسے ہر گھر میں اور ہر لائبریری کی زینت بنایا جائے۔

## امیر معاویہؓ
## ایک مجاہد صحابی

مصنف: منیر احمد الغضبان
اردو ترجمہ: اساتذہ جامعہ سلفیہ بنارس
صفحات: 352، قیمت:-/165 روپے
ناشر و ملنے کا پتہ: مکتبہ اسلامیہ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
مکتبہ اسلامیہ بیرون امین پور بازار فیصل آباد

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ایک جلیل القدر صحابی، کاتب وحی اور نبی علیہ السلام کے برادر نسبتی ہیں۔ نبی علیہ السلام کی وفات کے بعد وہ خلفائے راشدین کے معتمد علیہ اور مشیر خاص رہے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور مسعود میں 20 سال وہ قابل اعتماد گورنر اور اسلام کے نڈر و بیباک سپہ سالار رہے۔ اور انہوں نے اس عرصہ میں اسلام کیلئے بے پناہ خدمت سرانجام دی۔ شہادت عثمان رضی اللہ عنہ کے بعد قاتلین عثمان کو کیفر کردار تک پہنچانے میں ان کے اور حضرت علیؓ کے درمیان اختلاف ہوا جو خانہ جنگی تک پہنچا۔ تاریخ اسلام کا یہ ایک المناک واقعہ ہے۔ حالات نے کروٹ لی اور حضرت معاویہؓ گورنر سے خلیفۃ المسلمین بن گئے۔ حضرت معاویہؓ نے اپنی شخصیت، مجاہدانہ کردار، بالغ نظری اور حسن تدبر سے اسلام اور مسلمانوں کی ترقی میں خوب کام کیا۔ ان کے کارناموں سے تاریخ کے اوراق بھرے پڑے ہیں۔ افسوس کہ اس عظیم خلیفہ کی عظمت تاریخ کی رطب ویابس روایات میں دب کر رہ گئی۔ اللہ بھلا کرے منیر احمد غضبان کا کہ انہوں نے اس عظیم صحابی مجاہد کے کارناموں اور زندگی کے روشن پہلوؤں کو مستند روایات کے تناظر میں پیش کر کے اجاگر کیا ہے۔ کتاب معلومات کے اعتبار سے بہت عمدہ ہے۔ اس کی طباعت پر مکتبہ اسلامیہ کے مالک علامہ سرور عاصم صاحب مبارک باد کے مستحق ہیں۔

## سفر نامہ حجاز

مصنف: شیخ الاسلام مولانا ثناء اللہ امرتسری مرحوم
جمع وترتیب: مولانا سعید احمد چنیوٹی حفظہ اللہ
صفحات: 100 قیمت:-/50 روپے
ناشر: طارق اکیڈمی، ڈی گراؤنڈ فیصل آباد، فون: 041-546964

شیخ الاسلام مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمہ اللہ علیہ عالم اسلام کی نامور اور قدآور شخصیت تھے۔ وہ دینی واسلامی معلومات کا بحر ذخار تھے۔ حدیث، تفسیر، منطق، فلسفہ، اور علم الکلام میں انہیں کامل دستگاہ تھی۔ جس موضوع پر بھی گفتگو فرماتے اس عنوان پر علم کے لولو ولالہ بکھیرتے چلے جاتے۔ اور جس عنوان پر قلم کو جنبش دیتے علم وتحقیق کے موتی پرو کر رکھ دیتے۔ انہوں نے مختلف موضوعات پر بہت کچھ لکھا اور خوب لکھا۔ فتنہ قادیانیت، آریہ سماج،

عیسائیت اور دیگر باطل فرقوں کے خلاف ان کی تحریری ، تصنیفی اور مناظرہ و مباحثہ کے ذریعے خدمات قابل قدر اور لائق تحسین ہیں۔ مولانا امرتسری مرحوم سادہ اور عام فہم اسلوب میں اپنے مافی الضمیر کا اظہار نہایت خوبصورت انداز سے کرتے تھے۔ ان کی تحریروں میں معلومات کے ساتھ ساتھ اردو زبان وادب کی چاشنی بھی پائی جاتی ہے۔ بلا شبہ وہ اس خطۂ ارض کے عظیم مصنف، مناظر اور خطیب تھے۔

پیش نگاہ کتاب حضرت امرتسریؒ کے ان گیارہ خطوط پر محیط ہے جو انہوں نے 1926 میں حج بیت اللہ کی سعادت کے موقع پر سرزمین عرب سے لکھے تھے۔ ان خطوط میں انہوں نے اس دور کے عرب معاشرے اور حکومت کے حالات وواقعات اور مشاہدات کو خوبصورت پیرائے میں صفحہ قرطاس پر مرتسم کیا ہے۔ یہ سفرنامہ اس دور کی علمی، سیاسی اور تاریخی معلومات کا خزینہ ہے۔ یاد رہے کہ یہ مکتوبات مولانا مرحوم نے ارض مقدس سے 1926 میں لکھے تھے اور تمام خطوط ان کے ہفت روزہ اہلحدیث 1926ء کے مختلف شماروں میں شائع ہوئے۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے مولانا سعید احمد چنیوٹی صاحب کو کہ انہوں نے ''کھوجی'' بن کر اس سفرنامے کا کھوج لگایا اور پھر اس مواد کو احسن انداز میں مرتب کر کے قارئین کی خدمت میں پیش کر دیا۔ مولانا سعید صاحب کا یہ بہت بڑا کارنامہ ہے کہ انہوں نے 80 سال پرانی تاریخ کو زندہ وجاوید کر دیا۔ اللہ تعالیٰ ان کی اس مساعی جمیلہ کو قبول فرمائے۔ آمین

اردو سفرناموں میں یہ کتاب ایک گراں قدر اضافہ ہے۔ طارق اکیڈمی کی طرف سے اس کی اشاعت خوبصورت انداز میں کی گئی ہے۔ ادبی ذوق رکھنے والے اس سفرنامے کو ضرور پڑھیں۔


اصل کرنڈی، لٹھا سفید، لٹھا رنگدار پختہ کلر،
کاٹن سفید ورنگدار پختہ کلر
ہر قسم کی مردانہ ورائٹی کا مرکز
فیصل یعقوب کلاتھ مرچنٹ
041-633809
Mob# 0300-9653599
پنجاب بلاک مدینہ بازار P-162 کی کلاتھ مارکیٹ فیصل آباد

سلفی بھائیوں کیلئے خصوصی رعایت
سونے چاندی کے حسین زیورات کا مرکز
عامر جیولرز
پروپرائٹر: غلام حسین
سانگلہ بازار شاہکوٹ
فون دکان PP.04658-710827: رہائش 712212:

PP-04931-54639
Mob:0303-6391104



**ادارہ تبلیغ اسلام جام پور کی طرف سے اہم اعلان**

**اہلحدیث کے امتیازی مسائل پر مشتمل اشتہارات مفت منگوائیں**

مسائل حقہ کی ترویج واشاعت کی غرض سے ادارہ تبلیغ الاسلام جام پور کی طرف سے مختلف مسائل پر مشتمل سات قسم کے اشتہارات کا مکمل سیٹ مندرجہ ذیل ہے جو زیر تقسیم ہے:

۱) کیا اللہ کے سوا کوئی اور مشکل حل کرنے پر قادر ہے؟ ایک سوال کی دس شکلیں۔ ۲) اوقات نماز کیلئے دائمی محمدی جنتری۔ ۳) نماز میں پاؤں سے پاؤں ملانے اور سینے پر ہاتھ باندھنے کا ثبوت۔ ۴) اہمیت نماز اور بے نماز کا خطرناک انجام۔ ۵) سورۃ فاتحہ خلف الامام۔ ۶) آمین بالجہر۔ ۷) اثبات رفع الیدین۔

**خواہشمند حضرات مبلغ بارہ -/12 روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر مفت طلب فرمائیں۔**

اور فریم کروا کر اپنے زیر انتظام مساجد ومراکز میں آویزاں کریں۔

**ضروری نوٹ:** فریم کروا کر آویزاں کرنے کا تحریری وعدہ آنا ضروری ہے۔

**محمد یاسین راہیؔ ، مدیر ادارہ تبلیغ اسلام**

جام پور ضلع راجن پور پنجاب پاکستان، فون: 0641-567218